اس کی انسانیت، نسوانیت اور عزت چھین کر اسے دوبارہ زمانہ جاہلیت کی غلامی میں دھکیلنے کی سازش کر رہے ہیں۔ کاش! بنت حوا آستین کے ان سانپوں سے ہشیار ہو جائے۔

☆☆☆☆☆☆

امیر الملک نواب سید صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ

سید صدیق حسن خان بن سید اولاد حسن بن سید اولا د علی کا سلسلہ نسب 33 واسطوں سے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے ملتا ہے۔

آپ 19 جمادی الاولیٰ 1248ھ کو بانس بر لی (ہند) میں پیدا ہوئے۔ حصول تعلیم کا آغاز آبائی وطن قنوج میں اپنے برادر کلاں سید احمد حسن عرشی سے کیا۔ پھر تفسیر، حدیث، فقہ اور معاون اسلامی علوم سے فراغت پاکر 21 سال کی عمر میں دہلی سے قنوج آئے، اتنے میں 1857ء کی جنگ آزادی کا خمیازہ بھگتنا پڑا اور قنوج سے بلگرام آئے یہیں قرآن پاک حفظ کیا۔ آپ کی علمی وفنی مہارت کی شہرت سن کر نواب سکندر جہاں بیگم نے سرکاری خدمات کیلئے بھوپال طلب کیا، لیکن مخالفین کی ریشہ دوانیوں سے آپ وہاں نہ رہ سکے اور ریاست ٹونک میں ملازمت کرتے رہے۔

سکندر جہاں بیگم کی رحلت کے بعد انکی صاحبزادی نواب شاہ جہاں بیگم نے آپ کو بھوپال بلایا اور ریاست بھوپال کی تاریخ نگاری کی خدمت سونپ دی۔ اس دوران آپ نے منشی جمال الدین کی صاحبزادی سے شادی رچائی اور آپ اہل خانہ سمیت بھوپال میں رہنے لگے۔ اس کے بعد نواب شاہ جہاں بیگم نے آپ کی صلاحیت سے متاثر ہو کر آپ سے نکاح کر لی اور آپ کو امور سلطنت میں شریک کیا۔

آپ نے اقتدار سنبھال کر ریاستی بجٹ کے دروازے اسلام کی خدمت پر کھول دئے، تفسیر وحدیث کی کتابیں چھاپ کر علماء میں تقسیم کیں، اور خود بھی شاندار علمی خدمات پیش کرتے رہے۔ آپ کی تصانیف 222 ہیں۔ جن میں تقلید و تعصب سے پاک ہو کر کتاب وسنت سے براہ راست استفادہ کیا گیا ہے۔

آپ نے یکم رجب 1307ھ بمطابق 17 فروری 1890 کو بھوپال میں وفات پائی۔ (تغمده الله برحمته)

اخبار الجامعۃ

محمد ایوب غلام

23-1-00 جامعہ دار العلوم بلتستان کی تاریخ میں پہلی بار لجنۃ شؤون الطلاب (امور طلباء کمیٹی) کے زیر اہتمام حفظ احادیث کے مقابلے کا امتحان ہوا، اور انعامات تقسیم کی گئیں۔

1-2-00 طلباء کا تقریری مقابلہ ہوا، نمایاں پوزیشن لینے والوں کی انعامات سے حوصلہ افزائی کی گئی۔

8-2-00 جامعہ دار العلوم کے برانچ مدارس میں ششماہی امتحان کا آغاز ہوا۔

20-2-00 جامعہ دار العلوم میں ششماہی امتحان شروع ہوا، جو کہ دس دن جاری رہا۔

25-4-00 وزیر امور کشمیر و شمالی علاقہ جات جناب عباس سرفراز خان نے بمعہ انتظامی آفیسران توحید آباد زرعی فارم کا معاینہ کیا، اور علماء سے تبادلہ خیال کیا۔

11-5-00 مدیر مکتب الدعوۃ اسلام آباد جناب عبد الرحمن العطا اللہ نے قدم رنجہ فرمایا۔ اور جامعہ کا تفصیلی دورہ کیا۔

22-5-00 جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے امیر جناب عبد الرشید ترابی نے جامعہ دار العلوم کے توحید آباد زرعی فارم کا دورہ کیا۔

24-5-00 جامعہ کی انتظامیہ اور تدریسی اسٹاف کا ایک اہم اجلاس ہوا، جس میں تعلیمی، تربیتی اور تبلیغی امور کو فعال بنانے کے حوالے سے مفید باتیں ہوئیں۔

31-5-00 طلباء کے مابین مقابلہ حسن قرأت منعقد ہوا۔

3-6-00 جمعیت اہلحدیث بلتستان کی مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا کہ امسال سے جامعہ کی سالانہ تعطیلات موسم گرما کے بجائے موسم سرما میں ہوں گی۔

9,10-6-00 مرکز الدعوۃ والارشاد کے زیر اہتمام دو روزہ عظیم الشان جہادی کانفرنس بلغار میں منعقد